# دفتر برائے تعلقات عامہ و میڈیا کوآرڈی نیشن

# جامعہ ملیہ اسلامیہ

# نئی دہلی

22/02/2019

## پریس ریلیز

## جامعہ کے شعبہ معاشیات میں چوتھا المنائی میٹ کا انعقاد

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے شعبہ معاشیات نے اپنے چوتھے المنائی میٹ کا انعقاد اپنے شعبے میں کیا جس میں (1984 سے 2018) تک کے متعدد بیچیز کے سابق طلبہ نے شرکت کی۔اب تک تقریبا 150 بیچز فارغ ہو چکے ہیں جن میں گریجویشن، ماسٹر اور پی ایچ ڈی کے طلبہ شامل ہیں۔

افتتاحی تقریب کا آغاز قائم مقام وائس چانسلر اور شعبہ کے سربراہ پروفیسر شاہد اشرف کے خطاب سے ہوا جس میں انھوں نے حالیہ دنوں میں جامعہ کی ترقی اور یہاں کے طلبہ واساتذہ کی کارکردگی پر تفصیلی روشنی ڈالتے ہوئے بتایا کہ کس طرح جامعہ دنوں دن ترقی کے منازل طئے کر رہا ہے۔انھوں نے ٹائمز ہایر ایجوکیشن رینکنگ کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ یہ بڑی بات ہے کہ ملک کی تمام یونیورسٹیوں میں جامعہ نے بارہواں مقام بنانے میں کامیابی حاصل کی۔اس موقع پر انھوں نے جامعہ کے طلبہ اور اساتذہ کی محنت کا بھی تذکرہ کیا جو جامعہ کی ترقی کے لئے رات دن اپنا حصہ ڈال رہے ہیں۔

اس موقع پر المنائی میٹ کے کوآرڈینیٹر اشرف الیاس نے المنائی میٹ کی اہمت پر گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ شعبہ معاشیات جامعہ کے ان شعبوں میں سے ایک ہے جو اپنے طلبائے قدیم سے جڑے رہنے اور ان کے تجربات سے فائدہ اٹھانے اور یونیورسٹی کو ترقی کی جانب لیجانے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔انھوں نے بتایا کہ اب تک اس شعبہ سے قتریبا چھ ہزار طلبہ فارغ ہو چکے ہیں جنھوں نے کافی اہم کارنامے انجام دیتے ہوئے اپنی یونیورسٹی اور ملک کا نام روشن کیا ہے۔انھوں نے بتایا کہ بڑی تعداد میں یہاں سے فارغ ہونے والے طلبہ این جی او اور ادارے بھی چلا رہے ہیں جن کا معاشرے کی تعمیر اور سماجی کاموں میں بڑا حصہ ہے۔

مہمان خصوصی سید محمود نواز جو 1988 بیچ سے تعلق رکھتے ہیں اور جنھوں نے فلم اور صحافت کی دنیا میں اپنی ایک شناخت بنائی ہے نے اپنے تجربات سامعین سے ساجھا کئے۔

میٹ میں دیگر شعبہ جات کے طلبہ نے بھی بڑی تعداد میں شرکت۔اس میٹ میں خصوصی طور پر ایس اے آر بلگرامی، پروفیسر خان مسعود احمد (سابق وائس چانسلر کے ایم سی عربی فارسی اور اردو یونیورسٹی لکھنو) بھی موجود تھے۔

اس موقع پر کمال اختر عبد السلام خان ایڈوکیٹ اور صابر حسین کو سینئر موسٹ المائی ایوارڈ سے نوازا گیا جنھوں نے سیاسی، سماجی اور علمی کاموں میں کارہائے نمایاں انجام دیا ہے۔

احمد عظیم

عوامی تعلقات افسر اور میڈیا کوآرڈینیٹر

جامعہ ملیہ اسلامیہ

نئی دہلی